ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (378)

مورخہ 14.07.24

## بہاولپور (      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان بہاولپور کے احکامات، معروف بلڈر محمد احمد عالم کو اغوا کرنے والا عدنان عرف للّی گینگ گرفتار، جبکہ تھانہ سمہ سٹہ کی حدود میں بیوپاری سے 60 لاکھ روپے ڈکیتی کرنے والا عثمان شاہ 05 رکنی گینگ بھی گرفتار کرلیا، عوام الناس کو لوٹنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں، جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رہے گا، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے معروف بلڈر محمد احمد عالم کے اغوا کے بعد ایس ڈی پی او صدر سرکل بابر علی اور ایس ایچ اوز پر مشتمل جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم بنائی۔ ٹیم نے ایس ڈی پی او صدر سرکل بابر علی کی قیادت میں شہر کے داخلی خارجی راستوں پر سخت ناکہ بندی کی اور سٹی ایریا کا سرچ آپریشن جاری رکھتے ہوئے مختلف ایریاز میں ملزمان کی گرفتاری کے لئے ریڈز کا سلسلہ جاری رکھا، جس بناء پر ملزمان اپنے مذموم ارادوں میں ناکام ہوگئے اور مغوی کو چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی اور روائتی طریقہ تفتیش کو اپناتے ہوئے ملزمان کی CCTV ویڈیوز، جیوفینسنگ، ہیومن ریسورس اور جدید سائنٹفیک طریقہ کار کو اپناتے ہوئے اغوا کار 05 ملزمان عدنان عرف للی، اسلم ندیم، زوہیب، اظہر اور بلال کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان سے واردات میں استعمال ہونے والی کار مہران اور کیری ڈبہ بھی برآمد کرلیا گیا۔ اسی طرح تھانہ سمہ سٹہ کی حدود میں بیوپاری سے 60 لاکھ روپے ڈکیتی کے متعلق ڈی پی او بہاولپور نے ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ کو سپیشل ٹاسک دیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری اور ریکوری کے احکامات جاری کئے۔ ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ نے بہت قلیل وقت میں سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر عثمان شاہ گینگ کے سرغنہ عثمان شاہ اور دیگر ملزمان امجد، یوسف، جاوید اور رئیس کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان نے دوران تفتیش دیگر کئی وارداتوں میں ملوث ہونے کا بھی انکشاف کیا جن سے بیوپاری سے ڈکیتی شدہ رقم 50 لاکھ روپے برآمد ہو چکی۔ دیگر واردواتوں میں ملزمان سے 01 عدد کیری ڈبہ، 40 ہزار روپے نقد اور 02 عدد موٹر سائیکل ریکور ہو چکے ہیں۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے۔ ملزمان سے ریکور شدہ نقد رقم و دیگر مال مسروقہ ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ صدر بہاولپور راؤ شہزاد بابر، ایس ایچ او تھانہ سمہ سٹہ سجاد احمد و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس حوالے سے شہریوں نے اپنی نقد رقم ملنے اور ملزمان کی گرفتاریوں پر بہاولپور پولیس کا شکریہ ادا کیا۔ اس حوالے سے بات کرتے ہوئے ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ جرائم پیشہ افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ میڈیا نمائندگان کی جانب سے پولیس کی اس کاوش کو سراہا گیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان بہاولپور کے احکامات، معروف بلڈر محمد احمد عالم کو اغوا کرنے والا عدنان عرف للّی گینگ، جبکہ تھانہ سمہ سٹہ کی حدود میں بیوپاری سے 60 لاکھ روپے ڈکیتی کرنے والا عثمان شاہ گینگ گرفتار کرلیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (379)

14.07.24

**بہاول پور(     )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او اسد سرفراز خان خان کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی، بعدازاں سیکیورٹی سکینینگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہرصورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت ولا پرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں